KT-XII-1601

Sig. of Supdt ..............................

# اُردو (پارٹ-II)
(Fresh / New Course)

Roll No. ..............................

Fic. No. ..............................

---

Fic. No. ..............................

کل وقت: 3 گھنٹے

# اُردو (پارٹ-II)
(Fresh / New Course)

نمبر: 100

نوٹ: اس پرچے کے تین حصے ہیں۔ حصہ اول، دوم اور سوم۔ حصہ اول کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کر دیں۔

## حصہ اول (معروضی)

وقت: 20 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: اس حصے کیلئے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹے گئے یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

سوال 1 ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) علی گڑھ سے علیحدگی کے بعد ............ نے دار المصنفین کی بنیاد رکھی۔ ب

(الف) محمد حسین آزاد (ب) شبلی (ج) میراجی (د) ڈپٹی نذیر احمد

(ii) علوم وہ تھے جن کو ............ سے زیادہ تر تعلق تھا۔ د

(الف) لکھنے (ب) پڑھنے (ج) سننے (د) حافظے

(iii) لال قلعہ پر ............ کا آخری نشان لہرا رہا تھا۔ الف

(الف) تیموریوں (ب) یونانیوں (ج) ایرانیوں (د) ہندوؤں

(iv) محمد حسین آزاد کو ادبی خدمات کے صلے میں ............ کا خطاب ملا تھا۔ ب

(الف) (ب) شمس العلماء (ج) خان بہادر (د) آزاد

(v) منظور کی ذات اس کی نظر میں ............ کا درجہ رکھتی تھی۔ د

(الف) دوست (ب) خیر خواہ (ج) مریض (د) مسیحا

(vi) صلاح الدین احمد نے زمانہ طالب علمی میں ایک رسالہ ............ کے نام سے جاری کیا۔ الف

(الف) خیالستان (ب) ادبستان (ج) گلستان (د) نقوش

(vii) "تارِ عنکبوت" ............ کے افسانوں کا مجموعہ ہے۔ ب

(الف) عشرت فاطمہ (ب) الطاف فاطمہ (ج) فاطمہ ثریا بجیا (د) خدیجہ مستور

(viii) چراغ حسن حسرت ............ کے نام سے فکاہیہ کالم لکھتے تھے۔ ج

(الف) عنقا (ب) مرزا الف (ج) سند باد جہازی (د) مرزا الم نشرح

(ix) کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مر جاؤں گا میں تو دریا ہوں سمندر میں اُتر جاؤں گا۔ یہ کس کا شعر ہے؟ الف

(الف) احمد ندیم قاسمی (ب) فراز (ج) شکیب جلالی (د) فیض

(x) جس نظم کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں اُسے ............ کہتے ہیں۔ ج

(الف) مثلث (ب) مربع (ج) مخمس (د) مسدس

(xi) قدسی الاصل ہے ............ پہ نظر رکھتی ہے۔ د

(الف) ثروت (ب) دولت (ج) الفت (د) رفعت

(xii) اب چراغ کی جگہ زندگی بجلی کا ............ ہوگئی ہے۔ ب

(الف) بلب (ب) لیمپ (ج) قمقمہ (د) فانوس

(xiii) نظم "شکست کی آواز" ............ کی تخلیق ہے۔ د

(الف) شبلی (ب) منیر نیازی (ج) اختر شیرانی (د) میراجی

(xiv) فکرِ ہستی اور گلستانِ ترنم کون سے مرکبات ہیں؟ ج

(الف) مرکب عطفی (ب) مرکب توصیفی (ج) مرکب اضافی (د) مرکب جاری

(xv) نظم "ستارے" ہیئت کے لحاظ سے ............ ہے۔ الف

(الف) سانیٹ (ب) مسدس (ج) آزاد نظم (د) معریٰ نظم

(xvi) ناصر کاظمی کے والد انڈین ............ میں ملازم تھے۔ ج

(الف) نیوی (ب) ایئر فورس (ج) آرمی (د) پولیس

(xvii) نصاب میں شامل افسانہ "مائیں" کے خالق ............ ہیں۔ الف

(الف) احمد ندیم قاسمی (ب) غلام عباس (ج) سعادت حسن منٹو (د) عبدالمجید امجد

(xviii) احمد فراز نے کب وفات پائی؟ د

(الف) 2003ء (ب) 2004ء (ج) 2006ء (د) 2008ء

(xix) ............ میں قافیہ اور ردیف کی پابندی نہیں ہوتی۔ ب

(الف) معریٰ نظم (ب) آزاد نظم (ج) پابند نظم (د) ترجیع بند نظم

(xx) مجید امجد کا پورا نام ............ تھا۔ ب

(الف) طارق مجید امجد (ب) عبدالمجید امجد (ج) حاشر مجید امجد (د) نافع مجید امجد

eduvision.edu.pk

# اُردو (پارٹ-II)

(Fresh / New Course)

نمبر 50 — **سیکشن ''ب''** — وقت 2 گھنٹے 40 منٹ

سوال 2 مندرجہ ذیل سوالات میں سے دس کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

i- سقراط کے مخالفین نے اُن پر کیا الزامات لگائے؟

ii- سبق ''مسلمانوں کا قدیم طرزِ تعلیم'' کا خلاصہ لکھیں۔

iii- ملتِ اسلامیہ کے اتحاد کے ضمن میں پاکستان کیا کردار ادا کرسکتا ہے؟

iv- ''جس طرح ملک و شمشیر کے جوش کو قوم کے خون میں حرکت دی اگر علوم و فنون کا بھی خیال کرتا تو آج قومی ہمدردی کی بدولت ایسی ناکامی نہ اُٹھاتا''۔ جملے کی وضاحت کریں۔

v- اختر کے خیال میں اُس کے صحت مند ہونے کی کیا وجہ تھی؟

vi- افسانہ ''کتبہ'' کا خلاصہ لکھیں۔

vii- ''بھوت'' کا سن کر محلے والوں نے کیا کیا؟

viii- حیدرآباد کالج کے سالانہ جلسے میں کیا غلط فہمی پیدا ہوئی؟

ix- نظم ''ستارے'' کا مرکزی خیال لکھیں۔

x- خلقت شہر تھی چپ شاہ کے فرمان کے بعد۔ مصرعے کی وضاحت کریں۔

xi- صنعتِ مراعاۃ النظیر اور استعارے کی تعریف لکھیں نیز دو دو اشعار بطور مثال درج کریں۔

xii- درج ذیل الفاظ پر اعراب لگائیں اور معنی لکھیں۔ غنیم، برافروختہ، بدرو، مرض، مانند

xiii- درج ذیل تراکیب اور محاورات کو اپنے جملوں میں یوں استعمال کریں کہ مطلب بخوبی واضح ہو جائے۔
دھان پان، دائمی مفارقت، برہانِ قاطع، آنکھوں میں باؤنا آجانا، زمین میں گڑ جانا

**سیکشن ''ج''** — نمبر: 30

سوال 3 متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز و کی تشریح کریں۔

الف) اُن کی بان کی چارپائی بھی نمائش میں رکھنے کے قابل تھی۔ ننگی پیٹھ اس پر اتنا لوٹے تھے کہ بان صاف اور چمک دار ہو کر کالی اطلس ہو گیا تھا۔ ادوان خود کھینچتے تھے کہ ہاتھ مارو، تو طبلے کی آواز دے، خدا معلوم اب یہ چارپائی کس کے قبضے میں ہے۔ کسی کے پاس بھی ہو، سونے میں بڑا آرام دے گی۔

ب) دنیا اگر سوئی رہے تو سمجھو یہ ایک مردہ شے ہے، پتھر کی ایک سِل ہے، مگر جب یہ سِل ٹھوکا لگتے ہی اپنی آنکھیں آہستگی سے کھول دے اور پھر میٹھی نظروں سے چاروں اور دیکھنے لگے تو سمجھو اب یہ ہست کا بے جان پھیلاؤ نہیں رہی بلکہ موجودگی کی ایک کھنکتی ہوئی قاش بن چکی ہے۔

سوال 4 شاعر اور نظم/غزل کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح کریں۔

| | |
|---|---|
| الف) عقل ہے تیری سپر عشق ہے شمشیر تیری | مرے درویش! خلافت ہے جہانگیر تیری |
| ما سوا اللہ کیلئے آگ ہے تکبیر تیری | تو مسلماں ہو تو تقدیر ہے تدبیر تیری |
| کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں | یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں |
| ب) آخر کار ہوئے تیری رضا کے پابند | ہم کہ ہر بات پہ اصرار کیا کرتے تھے |
| اب تو انسان کی عظمت بھی کوئی چیز نہیں | لوگ پتھر کو خدا مان لیا کرتے تھے |

سوال 5 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔

الف) اسلام: دینِ امن — ب) پاکستان کے مسائل اور اُن کا حل

ج) طلبہ اور سیاست

eduvision.edu.pk